**Henry Ford Health System (HFHS) ہر مریض کا عزت، احترام اور دردمندی کے ساتھ علاج کرتا ہے۔ مریض لوگ اس کے ذریعہ فراہم کی جانے والی طبی خدمات کی مناسب قیمتوں اور مریضوں کے طبی اخراجات کا انتظام کرنے میں ان کی مدد کرنے کے لئے، متبادل تلاش کرنے میں معاونت کے لئے HFHS کی طرف رجوع کر سکتے ہیں۔**

**آپ ہمارے Patient Financial Assistance Program (مریض کی مالی معاونت کے پروگرام، PFAP) کے ذریعہ اپنے طبی بل کے ساتھ مدد کے اہل ہو سکتے ہیں۔**

**میں کس طرح سے PFAP کا اہل بنوں؟**

آپ کو PFAP کا اہل ہونے کے لئے کچھ مخصوص شرائط کو پورا کرنا ضروری ہے۔ انہیں مندرجہ ذیل جدول میں دکھایا جا رہا ہے۔

| اہلیت کا معیار | طریقہ 1 | طریقہ 2ا | طریقہ 2ب |
|---|---|---|---|
| امریکی شہری یا قانونی رہائشی | X | X | X |
| میکومب، آکلینڈ، یا وین کاؤنٹی میں رہنے والا | X | X | X |
| HFHS کے فراہم کرنے والے کے ذریعہ HFHS میں تشخیص ہونا | X | X | X |
| صحت کی انشورنس کے لئے اہل نہ ہونا | X | | |
| وفاقی غربت کی سطح سے 250% سے کم کی آمدنی | X | X | |
| محدود مالی وسائل کے ساتھ بیمہ شدہ ہونا | | X | X |
| گھریلو آمدنی کے 30% سے زیادہ کا HFHS کا طبی بل | | X | X |

**ہم اہلیت کے لئے مریضوں کے ماضی پر نظر ڈالتے ہوئے ان معیاروں کی بنیاد پر اندازہ کر سکتے ہیں جو اوپر مذکور نہیں ہیں۔*

اگر آپ طریقہ 1 یا 2ا کے معیار کو پورا کرتے ہیں، تو آپ طبی خدمات کا اہل ہونے پر 100% کی چھوٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ طریقہ 2ب کے معیار کو پورا کرتے ہیں، تو آپ کے کوالیفائنگ طبی قرض کو آپ کے گھریلو آمدنی کے 30% سے کم کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ ان طریقوں میں سے کسی کے بھی معیار کو پورا نہیں کرتے ہیں، تو آپ سے اس سے زیادہ پیسے نہیں لئے جائیں گے جو کہ عام طور پر ان مریضوں سے لیےجاتے ہیں جن کے پاس صحت کا انشورنس کوریج موجود ہوتا ہے۔

**میں کس طرح سے PFAP کے لئے درخواست دوں؟**

PFAP کے لئے درخواست دینے کے لئے آپ کو مریض کی مالی معاونت کے پروگرام کی درخواست کو مکمل کرنا اور امدادی دستاویزات کو مہیا کرنا ضروری ہے۔ درخواست دینے کے لئے پہلا بل موصول ہونے کے بعد آپ کے پاس 240 دن ہوتے ہیں۔ HFHS کو آپ کا مکمل شدہ درخواست موصول ہونے کے بعد آپ کو 30 دن کے اندر اندر تحریری طور پر فیصلہ فراہم کر دیا جائے گا۔

**میں کس طرح سے مزید معلومات حاصل کروں؟**

مزید معلومات کے لئے یا ہماری مکمل پالیسی اور/یا درخواست کی مفت کاپی حاصل کرنے کے لئے براہ مہربانی:

- ہماری ویب سائٹ www.henryford.com/financialassistance پر جائیں
- ہمارے رجسٹریشن کے عملے یا مالی نظام کو دیکھنے والوں سے بذات خود جا کر یا فون کر کے بات کریں:
  - Henry Ford Hospital اور طبی مراکز (بشمول Cottage Medical Center): 916-4510 (313)
  - Henry Ford Wyandotte Hospital یا Brownstown Medical Center: 246-9516 (734)
  - Henry Ford West Bloomfield Hospital: 325-0201 (248)
  - Henry Ford Macomb Hospitals (Clinton Township اور Mount Clemens): 263-2696 (586)
  - Henry Ford Kingswood Hospital اور Maplegrove Center: 874-9501 (313)